تعارف

ہم سب جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے سود کو حرام قرار دیا ہے۔عوام کا ایک بڑا طبقہ مہاجنوں اور بینکوں کے سودی جال میں پھنسا ہوا ہے۔کسان اور غریب پسماندہ لوگ بڑھتے چڑھتے سود سے تنگ آکر خودکشی کر رہے ہیں معاشی تنگی کے باعث خواتین بچت گٹوں کا شکار بن رہی ہیں۔اس طرح کی صورتحال میں 30 اپریل 2004ء میں معاشرہ کے معاشی مسائل کو بلاسودی اِسلامی طرزِ معیشت کی بنیادوں پر حل کرنے اور سود سے پاک معاشرہ کے قیام کے لیے ''الخیر'' امبہ جوگائی کا قیام مہاراشٹر کوآپریٹیو ایکٹ 1960ء کے تحت عمل میں لایا گیا۔

اپنے قیام کے بعد سے امبہ جوگائی کے معاشی میدان میں بلاسودی معیشت کو رفتار دینے کا کام الخیر کررہی ہے۔ نئے کاروباری، بے روزگار نوجوان، کاروباری خواتین، غریب اور ہنرمند افراد کو بلالحاظ مذہب وملت بلاسودی قرض دیکر معاشی قوت فراہم کرنے کا کام پچھلے "16" سولہ سالوں سے جاری ہے جس کی وجہہ سے آج شہر امبہ جوگائی میں لوگ سودی بینک فائنانس، بچت گٹ اور ساہوکاروں سے اجتناب کررہے ہیں گزشتہ کئی سالوں سے الخیر کے کام کاج اور طریقہ کار میں کسی بھی طرح کی بدانتظامی یا گراوٹ رونما نہیں ہوئی اور الخیر کو مستقل "A" گریڈ اوڈیٹ سرٹیفکیٹ کا شرف حاصل رہا۔اس کے علاوہ غیرسودی بینکاری میں الخیر نے اپنی منفرد نمایاں شناخت ہمیشہ برقرار رکھی ہے۔ امبہ جوگائی شہر میں اپنی مختلف اسکیموں کے ذریعے الخیر عوام کی خدمات انجام دے رہی ہے۔جس کی بنا پر آج الخیر نے مہاراشٹر میں ہی نہیں بلکہ پورے ملک میں ایک نمایاں مقام حاصل کیا ہے۔جس کی وجہہ سے سہولت مائکروفائنانس سوسائٹی نئی دہلی نے قومی سطح کا دوّم انعام "IFCCS Sector Award 2019" دے کر الخیر کی خدمات کی ستائش کی ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ ''الخیر'' سے جڑ کر سود سے پاک معاشرے کے قیام کی منظّم جدوجہد کا حصّہ بنیں اور ہمیں غیرسودی بینکاری کی خدمات انجام دینے کا موقع دیجے۔

الخیر کے قیام کا مقصد

- ممبران کے اندر بچت کی عادت ڈالنا اور اُن کی بچتوں کی حفاظت کرنا۔
- ممبران کی مالی ضرورتوں کو بلاسودی اور آسان شرطوں پر پورا کرنے میں مدد دینا۔
- ممبران کے فنڈ کو جائز اور حلال آمدنی کے حصول کیلئے مختلف کاروبار میں لگانا۔
- ممبران کے گھر اور تجارت کیلئے ضروری سامان، مشنری خرید کر دینا۔
- سوسائٹی کے ضوابط مہاراشٹر کوآپریٹیو ایکٹ کے دائرہ میں رہ کر ہر وہ کام کرنا جس سے ممبران کی مجموعی ترقی ممکن ہوسکے۔

منصوبہ 2025

- حسنہ قرض کی لمیٹ 70 ہزار روپئے سے بڑھا کر 1 ایک لاکھ روپئے کی جائے گی۔
- حسنہ قرض پر فی الحال سروس چارج سالانہ 3% لیا جاتا ہے مستقبل میں کوشش کی جائیگی کہ حسنہ قرض اسکیم سرویس چارج فِری ہوجاہے۔
- گولڈ سیکوریٹی حسنہ قرض شروع کیا جائے گا۔
- Locker System لاکر سہولت شروع کی جائیگی۔
- منڈی بازار میں الخیر آفیس پر تیسرا مہاوتیرن کا لائٹ بل سینٹر شروع کیا جائے گا۔
- خواتین کے لیے بلاسودی بچت گٹ شروع کئے جائیں گے۔
- الخیر کا ATM شروع کیا جائیگا۔

الخیر

ناگری سہکاری پت سنستھا مریادِت

Office : Bhaji Mandi, Mandi Bazar,
Ambajogai, Dist. Beed - 431517 (MS)
Tel. : 02446 - 244505, **Mob. :** 9860526600

Email : alkhairnspa@gmail.com
Website : www.alkhairnspa.com

Follow us on

Affiliated to :- SAHULAT Micro finance Society, New Delhi

سیونگ اکاونٹ

- سیونگ اکاؤنٹ شروع کرتے وقت-/200 روپے بھرنا لازمی ہوگا۔
- سیونگ اکاؤنٹ میں ہمیشہ-/200 روپے بلنس رکھنا لازمی ہوگا۔
- سیونگ اکاؤنٹ سے کسی قسم کا سروس چارج نہیں لیا جائے گا اور جمع رقم پر کسی قسم کا سود یا کمیشن نہیں دیا جائے گا۔

ڈیلی ڈپازٹ اکا ونٹ

- ڈیلی ڈپازٹ اکاؤنٹ شروع کرتے وقت-/100 روپے بھرنا لازمی ہوگا۔
- ڈیلی ڈپازٹ اکاؤنٹ میں ہمیشہ-/100 روپے بلنس رکھنا لازمی ہوگا۔
- ڈیلی ڈپازٹ اکاؤنٹ سے رقم نکالنے پرمدّت کی قید نہیں ہوگی۔
- ڈیلی ڈپازٹ اکاؤنٹ ہولڈر سے ماہانہ-/50 روپے سروس چارج وصول کیا جاتا ہے۔
- اس اسکیم میں ادارے کے منظور شدہ ایجنٹ آپ کے مکان، دُکان یا دفتر وغیرہ سے الیکٹرونک مشین کے ذریعے رقم جمع کرتے ہیں۔

حج آر۔ڈی ڈپازٹ اکاونٹ

- اس اکاؤنٹ کی مدّت پانچ سال ہوگی۔
- اس اکاؤنٹ میں کم از کم-/2000 روپے ماہانہ جمع کرنا لازمی ہوگا۔
- اس اکاؤنٹ کی ماہانہ قسط سرکاری ملازمین سیلری ڈیڈکشن سے بھی کر سکتے ہیں۔
- حج آر۔ڈی اکاؤنٹ ایک سال تک بند نہیں کیا جاسکے گا۔
- حج آر۔ڈی اکاؤنٹ سے حاصل شدہ رقم نفع نقصان میں شراکت کی بنیاد پر جائز کاروبار میں لگائی جاتی ہے۔

فِکس ڈپازٹ اکا ئونٹ

- اس اکاؤنٹ کی مدت 2 دوسال ہوگی۔
- فِکس ڈپازٹ اکاؤنٹ میں کم از کم ایک ہزار-/1000 روپے ڈپازٹ کرنا ہوگا۔
- کسی وجہ سے ڈپازٹر کو ایک سال سے پہلے ڈپازٹ واپس چاہیے تو نفع نہیں دیا جائے گا۔
- فِکس ڈپازٹ کی بنیاد پر قرض نہیں دیا جائے گا۔
- فِکس ڈپازٹ اکاؤنٹ سے حاصل شدہ رقم نفع نقصان میں شراکت کی بنیاد پر جائز کاروبار میں لگائی جاتی ہے۔

قرض حسنہ

ممبر قرض

- اس اسکیم کے تحت ممبران کو زیادہ سے زیادہ 70 ہزار روپے قرض دیا جاتا ہے۔
- قرض ادا کرنے کیلئے 15 یا 18 مہینے کی مدت ہوگی۔
- قرض کی رقم پر قرض دار سے سروس چارج لیا جاتا ہے۔

شارٹ ٹرم بزنس قرض

- اس اسکیم کے تحت ڈیلی ڈپازٹ اکاؤنٹ ہولڈر کو قرض دیا جاتا ہے۔
- اس اسکیم کے کے تحت زیادہ سے زیادہ 25 ہزار روپے قرض دیا جاتا ہے۔
- قرض ادا کرنے کے لیے "180" دن کی مدّت ہوگی اور قرض کی قسط روزانہ جمع کرنا لازمی ہوگا۔
- قرض کی رقم پر قرض دار سے سروس چارج لیا جاتا ہے۔

خصوصیات

- فاسٹ اور اسمارٹ سروس۔
- تعلیم یافتہ و باصلاحیت تجربہ کار اسٹاف۔
- جدید بینکنگ سافٹ ویئر اور ٹکنالوجی سے آراستہ۔
- مستقل اوڈیٹ گریڈ "A"۔
- Cheque Clearing, NEFT, RTGS کی سہولت۔
- بلا معاوضہ SMS کی سہولت۔
- MSEDCL منظور شدہ لائٹ بل سینٹر "الخیر" کے تحت چلائے جاتے ہیں۔

مرُابحہ قرض

ویکلس قرض

- اس اسکیم کے تحت موٹر سائیکل، آٹو رکشا، موٹر کار خرید کردی جاتی ہے۔
- قرض کی ادائیگی کی مدّت 21, 24, 48 مہینے ہوگی۔
- قرض پر ون ٹائم نفع لیا جاتا ہے۔

کمپیوٹر قرض

- اس اسکیم کے تحت کمپیوٹر سیسٹم، لیپ ٹاپ، پرنٹر وغیرہ خرید کر دیا جاتا ہے۔
- قرض کی ادائیگی کی مدّت 12 بارہ مہینے ہوگی۔
- قرض پر ون ٹائم نفع لیا جاتا ہے۔

ہو م اپلا ئنس قرض

- اس اسکیم کے تحت فرنیچر، فریج، کولر، واشنگ مشین، TV, AC وغیرہ خرید کردی جاتی ہے۔
- قرض کی ادائیگی کی مدّت 12 بارہ مہینے ہوگی۔
- قرض پر ون ٹائم نفع لیا جاتا ہے۔

مشین قرض

- اس اسکیم کے تحت کاروبار میں استعمال ہونے والی مختلف قسم کی الیکٹریکل اور الیکٹرونکس مشین خرید کردی جاتی ہے۔
- قرض کی ادائیگی کی مدّت 18, 24 مہینے ہوگی۔
- قرض پر ون ٹائم نفع لیا جاتا ہے۔